© rasailojaraid.com

مٹی تاریکیٔ باطل پھر آیا عہدِ نورانی

سلام اے صاحبِ لولاک اے محبوبِ یزدانی
سلام اے رہبرِ بے باک اے مطلوبِ رحمانی

ترا آنا تھا وجہٗ خیر و برکت دونوں عالم میں
میسّر آگئی کونین کو تنویرِ سُبحانی

تری تشریف فرمائی سے دنیا کا چلن بدلا
تری تکمیل سے کامل ہُوا ہے دینِ ربّانی

بلند اسلام کا پرچم کیا تو نے زمانے میں
جہاں میں گونج اُٹھی چار سُو آوازِ حقانی

گرا جو تیرے قدموں میں ہُوا رُتبہ بلند اس کا
رہا دشمن کا ڈر اس کو نہ کوئی خوف سُلطانی

تو ہے ختم الرسل، نور سُبل، مولائے کل مولا
شہادت دے رہی ہیں پے بہ پے آیاتِ قرآنی

تری ذاتِ مقدس پر مصائب کس قدر ٹوٹے
مگر ٹوٹا نہ پھر بھی تیرا صبر و ضبط لاثانی

جہاں میں تیری آمد سے چراغ حق ہوا روشن
مٹی تاریکیٔ باطل پھر آیا عہدِ نورانی

فدا ہوں جان و دل سے اے رسُولِ ہاشمی تجھ پر
یہ حسرت ہے کہ مل جائے ترے روضے کی دربانی

کرو شام و سحر انور ثنائے سرورِ عالمؐ
اندھیری قبر میں مطلوب ہے گر نورِ ایمانی

—— حافظ نور محمّد انور

© rasailojaraid.com